حیسکو پریس ریلیز مورخہ :25.09.2026

حیسکو چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کی ہمشیرہ مرحومہ آپا نعمت خاتون مورخہ 8 ستمبر 2026 کو انتقال کر گئیں تھیں مرحومہ کی روح کے ایصال ثواب کے لیے سیاسی وسماجی اور کاروباری شخصیات نے تعزیت کی۔ حیسکو ترجمان



حیدرآباد (پ ر) حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری اور معروف ایڈووکیٹ سپریم کورٹ احسان اللہ ڈاہری کی ہمشیرہ محترمہ آپا نعمت خاتون بنت لعل بخش ڈاہری 08 ستمبر 2026ء کو انتقال کر گئیں۔ مرحومہ کے انتقال پر اہلِ خانہ، عزیز واقارب اور متعلقین کی جانب سے گہرے رنج وغم اور افسوس کا اظہار کیا گیا۔ مرحومہ کی روح کے ایصالِ ثواب اور اہلِ خانہ سے سیاسی، سماجی، کاروباری اور مذہبی شخصیات سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی آمد کا سلسلہ جاری رہا۔ اس موقع پر ایم پی اے ڈاکٹر بہادر خان ڈاہری، سابق ایم پی اے ڈاکٹر کشور کمار، سید خاور پیر آف بھٹ شاہ، ڈاکٹر سکندر علی شورو سمیت دیگر شخصیات نے چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری اور سوگوار خاندان سے تعزیت اور دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔ تعزیت کرنے والی شخصیات نے مرحومہ کے لیے دعائے مغفرت اور درجات کی بلندی، جبکہ لواحقین کے لیے صبرِ جمیل کی دعا کی۔ حیسکو ترجمان